## سوال

(147) قبر اگر گر جائے تو اور مٹی ڈال کر درست کر دینی چاہیے یا نہیں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قبر اگر گر جائے تو اور مٹی ڈال کر درست کر دینی چاہیے یا نہیں، اور کچھ مٹی سے لیپ دینی چاہیے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بظاہر اس میں کوئی حرج نہیں ہوتا کیوں کہ لحد پر جو اینٹیں چنی جاتی ہیں، وہ زائد مٹی سے ہوتی ہے جو قبر کی مٹی کے علاوہ ہے۔ باقی لپائی کی بجائے مسنون طریقہ چھڑکاؤ کا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے بس اس پر اکتفا کرنی چاہیے۔

(عبد اللہ امرتسری روپڑی) (فتاویٰ اہل حدیث جلد نمبر ۳ ص ۴۷۰)

[فتاویٰ علمائے حدیث]()

**جلد 05 ص 256**

محدث فتویٰ